قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے آٹھویں راؤنڈ کادوسرا روز مکمل

- بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے درمیان میچ دلچسپ مرحلے میں داخل
- سدرن پنجاب کی ناردرن کے خلاف میچ میں پوزیشن مستحکم
- سنٹرل پنجاب مشکلات کا شکار، سندھ کےمحمد عمر کے 5 شکار

لاہور، 10نومبر2019ء:

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں بلوچستان نے خیبرپختونخوا کے 215رنز کے جواب میں 4وکٹوں کے نقصان پر 81 رنز بنالیے ہیں۔ میچ کے آخری روز بلوچستان کو جیت کے لیے 135 رنز اور خیبرپختونخوا کو 6وکٹیں درکارہیں۔ اس سے قبل خیبرپختونخوا نے3وکٹوں کے نقصان پر 77 رنز سے میچ کے دوسرے روزکھیل کا دوبارہ آغاز کیا تو بلوچستان کے علی شفیق کی نپی تلی باؤلنگ کی بدولت خیبرپختونخوا کی پوری ٹیم 215 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ اوپنر محمد محسن نے 10 چوکوں کی مدد سے 95 رنز بنائے۔ علی شفیق نے 70 رنز دے کر 5کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں بلوچستان کے بلے باز ٹیم کو مضبوط آغاز فراہم نہ کرسکے اور محض 50 رنز پر ابتدائی 4 کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔ جس کے بعد شہباز خان اور فہد اقبال نےمحتاط کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 31 رنز کی ناقابل شکست شراکت قائم کی۔ شہباز خان 18 اور فہد اقبال 15 کے انفرادی اسکور سے کھیل کے تیسرے روز کا آغاز کریں گے۔ شہرمیں جاری حالیہ بارشوں کے باعث دونوں ٹیموں کے کپتانوں کی باہمی رضامندی سے میچ کو ایک ایک اننگز تک محدود کیا گیا ہے۔

دوسری جانب ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں سدرن پنجاب نےناردرن کے خلاف دوسری اننگز میں بغیر کسی نقصان پر101 رنز کی برتری حاصل کرلی ہے۔ سدرن پنجاب کے 357 رنز کے جواب میں ناردرن کی ٹیم پہلی اننگز میں 296 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ناردرن کےسرمد بھٹی ناقابل شکست 112 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔دیگر نمایاں بلے

بازوں میں حسن رضانے57 اور نوید ملک نے 33 رنز بنائے۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 86 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ سدرن پنجاب کی جانب سے محمد عمران اور ذوالفقار بابر نے 4،4 وکٹیں حاصل کیں۔ 61 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سدرن پنجاب کی جانب سے انس مصطفیٰ اور مختار احمد نے دوسری اننگز کا آغاز کیا۔ دونوں کھلاڑی 40 کے مجموعی اسکور سے کھیل کے تیسرے روز کا آغاز کریں گے۔

ادھر ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں میڈیم پیسرز محمد عمر اور عدیل ملک کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت سندھ کی ٹیم نے سنٹرل پنجاب کے خلاف میچ میں اپنی گرفت مضبوط کرلی ہے۔ سندھ کے 332رنزکے جواب میں سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں140 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ 192 رنز کی سبقت سے دوسری اننگز کا آغاز کرنے والی سندھ کی ٹیم نے کھیل کے اختتام پر بغیر کسی نقصان کے 106 رنزبنالیے ہیں۔ عماد عالم 70 اور جاہد علی 35 رنز بناکر کریز پر موجود ہیں۔ ا س سے قبل سنٹرل پنجاب نے کھیل کے دوسرے روزاپنی اننگز کا آغاز کیا تو 25 رنز پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد سنٹرل پنجاب کی ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی اور یکے بعد دیگرے تمام کھلاڑی آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔سندھ کے محمد عمر اور عدیل ملک نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے مشترکہ طور پر 9 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ محمد عمر نے 49 رنز کے عوض 5 اور عدیل ملک نے 65 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ سنٹرل پنجاب کو 140 رنز پر ڈھیر کرنے کے باوجود سندھ نے فالو آن کی بجائے خود دوبارہ بیٹنگ کرنے کو ترجیح دی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk